جناب سپیکر: میرے خیال میں اس پہ ہم پھر ایک پارلیمانی پارٹیز کی میٹنگ کر لیں گے After محرم، محرم کے فوری بعد تاکہ اس پہ ہم تمام ایشوز کو جو ہیں نا، وہ کوئی طریقے سے بتائیں۔ اس میں میں تو آپ کو دو باتیں کرتا ہوں، کیونکہ اس کو ایک مقصد ایک حد تک لے کے جانا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں بالکل Clarity ہو کہ چائنا کی جو Explanation آئی ہے، ہم اس سے مطمئن نہیں ہیں، ہمیں بالکل Categorically، واضح بیان چاہیئے جو چائنا گورنمنٹ کرے، میں سمجھتا ہوں کہ ایک مشتاق غنی صاحب بات کریں گے، نلوٹھا، آپ بھی بات کریں گے سکندر خان اور شاہ فرمان۔ یہ جی مشتاق غنی صاحب! بس میں سب کو تھوڑا، اچھا نماز کیلئے بریک بھی دیں گے، یہ بات کریں اس کے بعد بریک بھی دے دیں گے۔

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم واطلاعات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو ویری مچ سر۔ سی پیک کے اوپر جو آج ڈیبیٹ ہو رہی ہے اور تمام ساتھی اس پہ کھل کے اظہار خیال کر رہے ہیں، خوشی کی بات ہے، ساری سیاسی جماعتیں ایک پیج پہ نظر آ رہی ہیں لیکن جناب سپیکر! جب یہ ایشو چلا تھا تو ہماری ہی گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ اس پہ تمام پولیٹیکل پارٹیز کو Onboard لیا جائے اور پھر تمام سیاسی رہنماؤں کو جو اس ہاؤس کے اندر موجود ہیں، انہیں دعوت دی گئی تھی اور اس پہ یہی فیصلہ کیا گیا تھا کہ ہم مشترکہ جدوجہد کریں گے، افسوس کی بات یہ ہے کہ اس صوبے کو وفاق نہ جانے کیوں فیڈریشن کا حصہ نہیں سمجھتا، ہمیں ہر PSDP میں ایک بہت بڑا فگر نظر آتا ہے 70 ارب، 80 ارب But at the end

of the year ہم دیکھتے ہیں کہ 12 ارب، 13 ارب، 15 ارب، 18 ارب یہ ٹوٹل اس صوبے کی قسمت میں ہوتا ہے، باقی پیسہ سارا جناب سپیکر! پنجاب شفٹ ہو جاتا ہے، اس کے اوپر سی پیک کے ہم خلاف نہیں ہیں، یہ پاکستان کی اقتصادی ترقی کا ایک بہت بڑا منصوبہ ہے جو کہ چائنا کے اپنے مفادات کے تحت ہے لیکن اس سے ہمارے ملک کا بھی مفاد وابستہ ہے اور ہمیں یہ خیال تھا کہ جب اتنا بڑا منصوبہ آئے گا پاکستان کے اندر تو وزیر اعظم پاکستان چاروں صوبائی وزراء کے ساتھ بیٹھ کے وزراء اعلیٰ کے ساتھ اس کے اوپر تبادلہ خیال کریں گے اور کوئی Unanimous decisions ہوں گے کہ اتنا بڑا منصوبہ جو ہے، اس سے پورا ملک ترقی کرے۔ آج میں 'یونائیٹڈ نیشنز' کے فگرز دیکھ رہا تھا، انہوں نے پاکستان کا نقشہ دیا ہے اور Red سے یہ عارف یوسف کے پاس ابھی بھی موجود ہے، Red کے ساتھ انہوں نے غربت کو Mention کیا ہے، تقریباً سارا بلوچستان اس میں شامل ہے اور ہمارے KPK کے یہ جنوبی اضلاع اور یہ ہزارہ تک اوپر یہ سارا انہوں نے Red اس کے اوپر Mention کیا ہے، اس کا مطلب ہے کہ چائنا اپنے ان علاقوں کی ترقی کیلئے کام کرنا چاہتا ہے جو سمندر سے بہت دور ہیں جو غربت میں پس رہے ہیں جن کی ترقی چاہیئے چائنا کو اور اس نے یہ پاک چائنا کاریڈور بنایا تو ہمارے حکمرانوں کی بھی یہ سوچ جناب سپیکر! ہونی چاہیئے کہ اس ملک کے اندر زیادہ غریب علاقے کونسے ہیں اور اگر آپ 'یونائیٹڈ نیشنز' کا یہ نقشہ دیکھیں تو بالکل واضح نظر آجاتا ہے۔ اب یہ ایسٹرن اور ویسٹرن روٹ کوئی تھا ہی نہیں، جب پاک چائنا یہ سکیم بنی تو یہ ایک ہی روٹ تھا، یہ ویسٹرن روٹ ہی تھا، یہ بس پاک چائنا کاریڈور تھا جو کوہستان سے انٹر ہوتا ہے بٹگرام، مانسہرہ، ایبٹ آباد ان سب کو اور KPK سے ہوتا ہوا چلا جاتا ہے اور یہ تین ہزار سے بھی 600 کلومیٹر شارٹ ہو جاتا ہے۔ اب تو یہ پنجاب کی طرف سے جا کے اتنا بڑا ہو گیا ہے، یہ 600 کلومیٹر Less ہے، اس کو Controversial خود فیڈرل گورنمنٹ نے بنایا ہے۔ انہوں نے اس کے متبادل ایسٹرن روٹ دے دیا کہ یہ پنجاب کے اندر سے ہو کے گزرے اور 2018 کے الیکشن کی یہ تیاری ہے جناب سپیکر! یہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کسی کے ذہن میں نہیں ہے کہ پورا پاکستان ترقی کرے گا، اس میں جی یہ ہے کہ ہم جب پنجاب کے مختلف اضلاع سے گزاریں گے تو پنجاب ترقی کرے گا اور پنجاب ترقی کرے گا تو 2018، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ چاروں صوبے پاکستان کے فیڈریشن کا حصہ ہیں We are federating body، ہم سب کے پاکستان کے اوپر اتنے

ہی حقوق ہیں جتنے پنجاب کے ہیں اور پنجاب ہم سب کو پیارا ہے کہ ہمارا بڑا صوبہ ہے، پاکستان ہے، ہم پنجاب کے خلاف ہر گز نہیں ہیں لیکن ہم اپنے صوبے کی اقتصادی پسماندگی کو کیسے پس پشت ڈال سکتے ہیں، ہم اپنے صوبے کے عوام کے حقوق کیلئے کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں۔ کل بھی ادھر بات ہوئی جناب سپیکر! آپ کراچی سے گوادر سے دیکھیں تو یہ جو روٹ آرہا ہے جو انہوں نے ابھی ایسٹرن روٹ جسے کہہ رہے ہیں اس کے اوپر نقشوں میں تمام Allied facilities موجود ہیں، اس کے اوپر Uninterrupted electricity ہے، ایل این جی ہے، آپٹک فائبر ہے، اس کے اوپر ریلوے ٹریکس ہیں، اسی کے اوپر یہ صنعتی بستیاں آباد ہونی ہیں، لوگوں نے انویسٹمنٹ وہاں کرنی ہے، یہاں ہمارے روٹ پہ آکے کسی نے نہیں کرنی جہاں اس میں سے ایک سہولت بھی موجود نہیں اور کہا یہ جارہا ہے کہ اس سے ہزارہ کو بہت بڑا فائدہ ہو جائے گا، ہزارہ میں سے جناب سپیکر! صرف ایک روڈ گزر رہا ہے جو کہ حسن ابدال سے آگے کوہستان تک یا نیچے تک جائے گا، آگے ایکسپریس وے بن جائے گا۔ اس روڈ کے اوپر بھی سوائے روڈ کے کوئی اور Allied facility نہیں ہے، آپٹک فائبر ضرور ہے کہ وہ چائنا سے اسی روڈ کے اوپر سے ہو کے آنا ہے، نہ اس کے اوپر وہ بجلی ہے، نہ ایل این جی ہے، نہ کوئی اور Facility ہے، ہمارے اس ہزارہ کے اندر کون آکے صنعتیں لگائے گا اس روڈ کے اوپر، اگر اس کے اوپر کوئی صنعتی بستی ہم آباد کرنا بھی چاہیں تو؟ اور اسی طرح جناب سپیکر! یہ اتنا ظلم اور زیادتی ہے، میں تو حیران ہوں کہ کس طریقے سے دیکھیں ہزارہ کے اندر سے ہی انہوں نے اس روڈ کو گزارنا ہے، یہ گزرے گا ہی وہاں سے اور کوئی اس کو شارٹ کٹ راستہ ہی نہیں ہے، آسمان سے تو وہ گزار ہی نہیں سکتے، تو ہماری یہ درخواست ہے کہ یہ ویسٹرن روٹ سارا کرے تاکہ ہمارا پورا صوبہ ترقی کرے اور ہزارہ میں بھی یہ تمام چیزیں جو اس روٹ کے اوپر ہیں، وہ Provide کی جائیں، صرف ایک روڈ کے طور پہ یہ مناسب ہر گز نہیں ہوگا اور میں سپیکر صاحب! یہاں آپ سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس کیلئے ہم تمام سیاسی جماعتیں متحد ہیں، متفق ہیں، آج ہی عمران خان صاحب کو، بابک صاحب کے سوال کا میں جواب دینا چاہتا ہوں، آج بھی عمران خان صاحب نے جو ہمارے ساتھ میٹنگ کی، انہوں نے یہیں Concerns show کیے کہ اس پہ آپ سارے لوگ اکٹھے ہو جائیں ساری سیاسی جماعتیں اور وہ بھی ہمارا ساتھ دیں گے اور ہم سب کو مل کے اپنے اس حق کیلئے جدوجہد کرنا ہوگی بشمول میرے پی ایم ایل این کے جو

دوست ہیں، ساتھی ہیں وہ بھی اسی صوبے سے تعلق رکھتے ہیں، میں توان سے یہ درخواست کروں گا کہ نلوٹھا صاحب ہمارے بھائی ہیں، یہاں پہ آپ کے منسٹر صاحب آئے تھے، بابک صاحب کاان کے ساتھ Hot words exchange ہوئے گورنر ہاؤس میں اور حیرت کی بات یہ ہے جناب سپیکر! کہ وزیراعظم پاکستان آل پارٹیز کانفرنس میں جس میں تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماہیں، ان میں کہتے ہیں کہ یہ ویسٹرن روٹ پہلے بنے گااور اس کے بعد ایسٹرن روٹ اور بعد میں وہ کہتے ہیں کہ پورا پاکستان ہی کاریڈور ہے تو پھر بن جاناچاہیئے تھا، یہاں پہ کام کاآغاز ہو جاناچاہیئے تھالیکن آج تک اس پہ کام کاآغاز نہ ہو سکااور Chinese Ambassador سے جب وزیراعلیٰ نے ملاقات کی توانہوں نے یہی سوال کیاجواخبارات میں آچکا ہے، اب ان سے بڑی Authenticity کس کی ہو گی کہ جو پیسے دے رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہماری ڈاکیومنٹس میں ویسٹرن روٹ نام کی کوئی چیز نہیں ہے اور پھر جب استفسار کیاوزیراعلیٰ نے کہ کیاآپ اس میں ڈال دیں گے، ہمارے کہنے پہ انہوں نے کہاکہ نہیں ہماری توInteractionوفاقی گورنمنٹ کے ساتھ ہے، وفاقی حکومت کے ساتھ ہے، آپ ان سے بات کریں تو ہم وفاقی حکومت سے بات کر رہے ہیں، ہر لیول پہ بات کی ہے، اب بھی بات کریں گے، ہم بالکل اس منصوبے کوControversialکسی صورت نہیں بنانا چاہتے، ہم چاہتے ہیں کہ یہ اقتصادی راہداری کا منصوبہ پروان چڑھے لیکن 35 بلین ڈالرز میں سے جیسے ساتھیوں نے کہاکہ ملاکنڈ میں اور ہزارہ میں یہ دوآپ کے پاس ایسے ریجنز ہیں کہ جہاں پہ آپ جتنی مرضی ہے بجلی پیدا کر سکتے ہیں اور سستی بجلی پیدا کر سکتے ہیں، Run of the riverپہ بجلی پیدا کر سکتے ہیں، ڈیمز بنا سکتے ہیں، ایک ایک River کے اوپر پچاس پچاس ڈیمز بنائیں، چائنانے بنائے ہوئے ہیں، ہندوستان نے بنائے ہوئے ہیں، ہم یہ پیسے اس طرف لے جانے کیلئے کوئلہ سے مہنگی ترین بجلی بنائیں گے ان پیسوں سے جو کہ افسوسناک امر ہے کہ یہ علاقے کہیں ترقی نہ کر جائیں اور ہماری تو ترقی کسی کو مقصود ہی نہیں ہے۔ جناب سپیکر! ابھی تک این ایف سی ایوارڈ یہاں بات ہوئی، وہ نہیں کیاجارہاتاکہ کہیں ہمارے صوبے کوزیادہ پیسے نہ مل جائیں، اس وقت اللہ کے فضل سے پورے پاکستان میں سب سے زیادہ آئل ہماراصوبہ پروڈیوس کر رہا ہے اور ہمارے صوبے میں مزید ذخائر موجود ہیں لیکن جو آئل ہماراپروڈیوس ہو رہاہے، اس پر ہمیں ایکسائز ڈیوٹی مرکز نہیں لگارہاتاکہ وہ پیسے ہمیں نہ مل جائیں، وہ ہماراحق ہےAs per Constitution، آج تک

وہ ایکسائز ڈیوٹی جو انہوں نے لگا کے ہمیں Collect کر کے پیسے دینے تھے۔ دوسرا Windfall levy آج تک ہمارا مطالبہ ہے، وہ Windfall levy ہمیں نہیں دے رہے، ایل این جی وہاں پر جو گیس نکلتی ہے، اس کی رائلٹی ہے 75 rupees per kg لیکن وہیں سے جو ایل این جی وہ بناتے ہیں، وہ 135 روپے کا وہ بنتا ہے، اس میں ہمیں وہ کوئی ٹیکس نہیں دے رہے، وہ اس سے بھی انکاری ہیں۔ پانی پر 1991 کا جو ہمارا Accord ہے، اس کے تحت 14.5% ہمارا شیئر ہے اور آج تک ہم ایک بوند پانی استعمال نہیں کر سکے اور اب چشمہ رائٹ بینک کینال بنے گا جبکہ یہ اس Accord کے تحت پانی کے استعمال کیلئے جو انفراسٹرکچر ہے، وہ فیڈرل گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے، انہوں نے بنانا تھا لیکن آج تک انہوں نے نہیں بنایا، یہ تو میں سمجھتا ہوں کہ وزیراعلیٰ پرویز خٹک صاحب کا بہت بڑا کارنامہ ہے کہ ان نامساعد حالات میں اس طرح کی موجودہ سیچویشن کے اندر جب وہاں پر بجٹ بن رہا تھا تو یہ پہنچ گیا اور انہوں نے وہاں میٹنگز کیں اور میٹنگز کر کے چشمہ رائٹ بینک کینال بھی PSDP کا حصہ بنالیا۔ ٹھیک ہے اس میں 30% ہمیں دینا پڑے گا اور 70% فیڈرل گورنمنٹ دے گی لیکن وہ منصوبہ اس میں شامل ہو گیا۔ کوہاٹ جھنگ ایکسپریس وے، موٹروے جو ہے یہ اس کا حصہ بن گیا PSDP کا اور اس طرح پشاور ڈی آئی خان جو ایکسپریس وے ہے اور ریلوے ٹریک ہے، اس کی بھی منظوری PSDP میں ہو چکی ہے لیکن یہ ہمارا حق تھا، اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ ہم نے سی پیک سے اپنے آپ کو پیچھے کر لیا، سی پیک پر وہی، چونکہ وفاق کی حکومت ایک حکومت ہے اور صوبائی حکومت یہاں پر ایک حکومت ہے، اب حکومتیں ایکدوسرے کے اوپر ٹرسٹ کرتی ہیں، جناب سپیکر! یہ ہم نے آج تک ٹرسٹ کیا ہے، جب ان کے ذمہ دار منسٹر یہاں آ کر ہم سب کے سامنے یقین دہانیاں کراتے رہے، ہمارے وزیراعلیٰ وہاں جاتے رہے، وہاں یقین دہانیاں ہوئیں، آل پارٹیز کانفرنس کے اندر وزیراعظم پاکستان نے یقین دہانی کروائی تو As a Government, as a part of Federation ہمیں یہ ماننا چاہیئے تھا کہ ٹھیک ہے وہ جو بات کہہ رہے تھے، صحیح کہہ رہے ہوں گے لیکن اب چائنا نے ساری قلعی کھول دی ہے کہ وہ جو کہہ رہے تھے، وہ بڑے کہہ رہے تھے یا نیچے والے یہ سب جھوٹ کہہ رہے تھے، یہ کہیں بھی ویسٹرن روٹ چائنا کی ڈاکیومنٹس میں نہیں ہے، اسلئے۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: چائنا کے سفیر کی بات۔۔۔۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم واطلاعات: کس کی جی! چائنا کے سفیر کی یہ Statement ہے کہ جو روٹ بنے گا یہ باقی علاقے اس کے ساتھ Connect ہو جائیں گے تو سڑک تو جہاں سے بھی گزرے گی، کسی محلے سے بھی روڈ آئے گا تو Connect ہو جائے گا، کسی گلی سے بھی آئے گا، کسی شہر سے بھی آئے گا، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ سارے روڈیں Part of CPEC ہیں، اس کا مطلب تو یہ ہے کہ ایک راستہ آپ کو اس کاریڈور میں انٹر ہونے کیلئے مل جائے لیکن ان سڑکوں کے اوپر نلوٹھا صاحب! نہ ایل این جی ہو گا، نہ بجلی ہو گی، نہ کوئی اور Facility ہو گی، آپٹک فائبر نہیں ہو گا، کوئی صنعتکار وہاں پر آ کے اپنی انویسٹمنٹ کبھی بھی نہیں کرے گا، وہ انویسٹمنٹ کرے گا تو پاک چائنا کاریڈور کے اوپر ہی کرے گا خواہ وہ ایسٹرن روٹ ہے یا ویسٹرن روٹ ہے With all these allied facilities، اس پر یہ ساری چیزیں ہوں گی، تو مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں چائنا کی طرف سے تو جواب مل گیا اور ہم چائنا کے پھر شکر گزار ہیں کہ ہم نے ان کو ایک خط لکھا تھا کہ ہم اپنے انویسٹرز بھیجنا چاہتے ہیں، آپ کے پاس ایک ٹیم بھیجنا چاہتے ہیں اور آپ اپنے انویسٹرز بھیجیں۔ دیکھیں نواز شریف صاحب کو یہ چاہیئے تا کہ وہ جب بھی جاتے ہیں سوائے اپنے بھائی کے کسی کو ساتھ لے کر نہیں جاتے ہیں اور بھتیجے کے، ہمارے وزیر اعلیٰ کو تو کبھی لیکر ہی نہیں گئے۔ اب ہم نے خود چائنا کے ساتھ اپنے راستے استوار کرنا شروع کئے اور اب ہمارا ایک Delegation جلد ہی سی ایم کی سربراہی میں جا رہا ہے چائنا تا کہ وہاں کے انویسٹرز کو یہاں پر ہم Attract کریں، وہ ایک الگ چیز ہے، وہ چیزیں Is not a part of CPEC, CPEC is a total different story، اس پر ہم سب کو پورے ایوان کو تمام طرح کے سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر مشترکہ اور متحدہ جدوجہد کرنی چاہیئے۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں پندرہ منٹ کیلئے بریک دے دیں گے نماز اور چائے کیلئے۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم واطلاعات: تا کہ ہم اپنے صوبے کے حقوق جو ہیں، حاصل کر سکیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: پندرہ منٹ کیلئے، ٹھیک ہے جی۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم واطلاعات: اور ہماری آئندہ آنے والی نسلیں جو ہیں فخر سے کہہ سکیں کہ ہمارے آباؤ اجداد نے ہمارے لئے اقتصادی ترقی کا منصوبہ حاصل کرنے کیلئے کیا کیا تھا۔

جناب سپیکر: میں پندرہ منٹ کیلئے بریک دیتا ہوں نماز اور چائے کیلئے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر اور چائے کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: لاء منسٹر، لاء منسٹر کو بلاؤ تھوڑا، لاء منسٹر کو جلدی بلاؤ۔

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا اربن ماس ٹرانزٹ مجریہ 2016 کا متعارف کرایا جانا

جناب سپیکر: لاء منسٹر صاحب! آپ اس دوران دونوں وہ ٹیبل کرا دیں جلدی، دو Bills ہیں، وہ ٹیبل کرا دیں۔ Item No. 08 and 09 both, quickly۔

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Chief Minister, introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Urban Mass Transit Bill, 2016, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا کمیشن آن دی سٹیٹس آف ویمن مجریہ 2016 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 09.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I, on behalf of Minister Social Welfare, Special Education and Women Empowerment, introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Commission on the Status of Women Bill, 2016, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

میرے خیال میں نلوٹھا صاحب! آپ بولیں گے اور سکندر خان اور جو سینیئر کچھ لوگ ہیں، وہ بول لیں اور میں نے سکندر اور عنایت کو ایک وہ دے دی ہے، وہ آپ کے ساتھ ڈسکس بھی کرے گا۔ بابک صاحب! هغوی ته به اووایئ چې يو ريزوليوشن تيار کړی کنه چې دا د سکشن، يو Conclusion ته خو لاړ شو کنه، صرف د سکشن خو اونشی کنه۔ نلوٹھا صاحب! آپ بسم اللہ کریں آہستہ آہستہ خیر ہے لوگ آجائیں گے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر! میں سب سے پہلے تو آپ سے معذرت خواہ ہوں، آپ کی چیئر میرے لئے انتہائی قابل احترام ہے اور اگر مجھ سے کوئی سخت بات ہوگئی ہے کل تو میں معذرت چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: مہربانی جی۔

## مغربی روٹ کو سی پیک کا حصہ نہ بنانے پر بحث

سردار اورنگزیب نلوٹھا: دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر! آج دوسرے دن انتہائی اہم ایشو کے اوپر ہاؤس کے تمام سیاسی جماعتوں نے اپنا اپنا نقطہ نظر سامنے لایا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! جب سے سی پیک کا منصوبہ شروع ہوا، میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا اس میں بہت اہم Role ہے، آپ نے اس پوائنٹ کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے اور ہاؤس کی تمام سیاسی جماعتوں نے ایک مغربی روٹ جو اس صوبے کیلئے شہ رگ کی حیثیت رکھتا ہے اور اس کے اوپر وقتاً فوقتاً مرکزی حکومت کے اہم ذمہ داروں کے ساتھ بھی ہماری ملاقاتیں ہوئی ہیں، یہاں گورنر ہاؤس میں بھی باتیں ہوئی ہیں اور سب سیاسی جماعتوں کو انہوں نے سنا ہے، قائدین کو سنا ہے، اے پی سی میں بھی وزیر اعظم پاکستان نے تمام پاکستان کی سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو اس کے اوپر دعوت دی ہے اور اے پی سی میں جو فیصلے ہوئے ہیں، پھر اس کے بعد کچھ خدشات سامنے آئے اور آپ ہی نے اس میں Role ادا کیا اور یہاں پر آپ نے جب قرارداد لانے کی کوشش کی تو میں نے آپ کو تجویز دی کہ سپیکر صاحب! آپ احسن اقبال صاحب سے دوبارہ بیٹھ جائیں اور اگر وہ خدشات دور نہیں کرتے ہیں تو پھر جو بھی قرارداد آپ لائیں گے، پاکستان مسلم لیگ اس میں آپ کا بھرپور ساتھ دے گی اور اس طرح ہوا کہ آپ ہی نے ان کے ساتھ ٹائم رکھا غالباً 29 اپریل کا دن تھا جس میں سی ایم صاحب بھی تھے اور تمام سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز، اپوزیشن لیڈر صاحب بھی تھے، آپ بھی موجود تھے اور وہاں پر آپ نے جتنے پوائنٹ Raise کیے، ایک ایک کے اوپر آپ کو بریف کیا گیا اور End پر جب تمام پارلیمانی لیڈران جناب سپیکر صاحب! آپ اور سی ایم صاحب مطمئن ہوئے تو آپ نے کہا کہ اب ہمیں کوئی خدشہ نہیں ہے اور پھر میں نے آپ کو کہا تھا، سی ایم صاحب کو کہ اب بھی اگر آپ سمجھتے ہیں کہ کے پی کے کی کوئی حق تلفی ہو رہی ہے تو آپ اس پوائنٹ کو، آپ کے پاس وقت ہے، یہاں پر آپ Raise کریں اور پاکستان مسلم لیگ خیبر پختونخوا آپ کے ساتھ کھڑی ہے، تو سی ایم صاحب نے وہاں پر خود کہا تھا اور Statement بھی اخبار میں جاری کی تھی، تمام پریس میں آئی تھی، میڈیا میں ان کی خبر آئی تھی کہ میں سی پیک منصوبے کے اوپر جو مغربی روٹ اور کے پی کے کے حقوق ہیں، ان کے اوپر ہمیں کوئی تحفظات نہیں ہیں اور ہم مطمئن ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! سی پیک اس ملک کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، ہماری معیشت کی ترقی

کیلئے سی پیک ایک اہم Role ان شاءاللہ ادا کرے گا، میں اس ہاؤس کی تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنی اپنی جماعتوں کی ترجمانی کرتے ہوئے خیبر پختونخوا کے حقوق کے حوالے سے بات کی اور سی پیک کا جو حصہ خیبر پختونخوا کا بنتا ہے، اس میں بڑے اچھے پارلیمانی انداز میں تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھیوں نے اپنا اپنا مؤقف پیش کیا، مجھے اس بات کے اوپر خوشی ہے، مشتاق غنی صاحب آ گئے ہیں، انہوں نے ایک بات کی ہے کہ ہزارہ ڈویژن کو صرف ایک روڈ دیا جائے گا، یہ بہت ذمہ دار آدمی ہے، صوبائی حکومت نے انہیں دو مشاورتیں دے رکھی ہیں تو میں ان کے نوٹس میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ ہزارہ ڈویژن اس کا منبہ ہے سی پیک کا اور وہاں پر تین انڈسٹریل اسٹیٹس ہیں جو ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے Identify کی ہیں، ایک مانسہرہ میں ہے، ایک حطار میں ہے اور ایک غازی میں ہے اور اس سی پیک میں صرف ایک ڈرائی پورٹ ہے، پورے سی پیک میں جو ہزارہ ڈویژن کے اندر ان شاءاللہ بنے گی تو میں ان کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں۔ دوسری بات جناب سپیکر صاحب! اس طرح ہے کہ میں سمجھتا تھا کہ اگر سی پیک کے اوپر کوئی بھی خدشات صوبائی حکومت کے یا صوبے کے کسی پارٹی کے بھی ہوں گے تو وزیر اعلیٰ صاحب انہیں ضرور Raise کریں گے کیونکہ جو Commitments آخر میں ہوئی ہیں، میں اس Commitment میں موجود تھا اور حیران ہوں کہ سی ایم صاحب کی طرف سے تو اس ہاؤس میں کوئی ایسی بات نہیں آئی ہے کہ مجھے سی پیک کے اندر جو ہمارے ساتھ معاہدے کئے گئے تھے، اس میں کوئی اس معاہدے کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، میں نے سی ایم صاحب کی طرف سے یہاں ہاؤس میں کوئی نہیں سنی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ سی ایم صاحب ان شاءاللہ مطمئن ہوں گے، انہیں کوئی اعتراض نہیں ہو گا، اس میں جو چیز ہم نے وہاں پر احسن اقبال صاحب کی میٹنگ میں طے کی تھی تو دوسری بار جو چائنا کے سفیر کی طرف سے Statement آئی ہے اور دوسرے دن کل کا 'جنگ' اخبار جو تھا، اس میں باقاعدہ طور پر وضاحت کی گئی ہے چائنا کے سفیر کی طرف سے کہ جو بیان اس کے نام سے منسوب کر کے دیا گیا ہے، اس نے اس کی بھرپور الفاظ میں تردید کی ہے اور مذمت بھی کی ہے اور جو مغربی روٹ کا ذکر تھا، اس نے اس میں باقاعدہ طور پر یہ اخبار میرے پاس موجود ہے، 'جنگ' اخبار کی Statement ہے اور اس میں اس نے بھرپور الفاظ میں اپنے خلاف، ان کی طرف سے جو بیان جاری ہوا ہے، اس کی انہوں نے تردید بھی کی ہے۔ دوسری بات

جناب سپیکر صاحب! یہ ہے کہ آپ نے کل مجھے کہا تھا کہ آپ اپنے بڑوں سے بات کر کے آئیں کہ جو تحفظات کے پی کے کی تمام سیاسی جماعتوں کی طرف سے اٹھائے گئے ہیں، جناب سپیکر صاحب! میں یہ نہیں سمجھتا کہ یہ تحفظات کس طریقے سے پیدا ہوئے ہیں؟ جو چیز ایک دفعہ کلیئر ہو گئی تھی اور اس کے بعد ابہام کیوں پیدا ہوا ہے؟ بہر حال میں ذمہ داری سے پاکستان مسلم لیگ نون کی طرف سے میں ذمہ داری سے یہ بات کہتا ہوں کہ احسن اقبال صاحب جو پلاننگ کے وزیر ہیں، ان کے ساتھ جو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور سپیکر کے پی کے اسمبلی اور تمام پارلیمانی لیڈرز کی موجودگی میں جو جو معاہدے طے پائے ہیں، ان میں ایک پرسنٹ بھی، ایک پرسنٹ بھی کوئی منصوبہ ادھر ادھر نہیں ہوا ہے، یہ میں ذمہ داری سے آپ کو یقین دلاتا ہوں ہوں اور اس سلسلے میں میں نے احسن اقبال صاحب سے بات کی ہے کہ صوبائی اسمبلی کے اندر یہ یہ تحفظات سامنے آئے ہیں، انہوں نے 18 تاریخ کو خیبر پختونخوا کے گورنر ہاؤس میں احسن اقبال صاحب تشریف لائیں گے اور آپ کو تمام سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈروں کو بھی اور وزیر اعلیٰ صاحب اور سپیکر صاحب! آپ کو بھی وہاں پر مدعو کیا جائے گا اور اگر آپ کے ذہن میں جو خدشات ہوئے تو ضرور آپ وہاں پر اٹھائیے، میں سمجھتا ہوں کہ آپ ان سے مطمئن ہوں گے اور ایک اور بات جو ہم کرنے جا رہے ہیں کہ ان شاءاللہ 18 تاریخ ہی ہم طے کریں گے، تاریخ طے کر لیں گے جس میں آپ بھی ہوں گے اور تمام سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز صاحبان بھی ہوں گے اور ہمارا میڈیا بھی ہو گا، الیکٹرانک میڈیا بھی اور پرنٹ میڈیا بھی، تو ہم اس مغربی روٹ کے اوپر جس کے بارے میں یہ کہا جا رہا ہے کہ وہ نقشے میں نہیں ہے اور وہ نکال دیا گیا ہے اور مختلف قسم کی باتیں آ رہی ہیں، تو 18 تاریخ کے بعد ہم ٹائم رکھیں گے اور اس پورے روٹ کے اوپر ایک وزٹ ہو گا احسن اقبال صاحب کے ساتھ تو میں سمجھتا ہوں کہ ان شاءاللہ آپ مطمئن ہو جائیں گے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جو مغربی روٹ طے ہوا ہے، جناب سپیکر صاحب! اس کے اوپر کام بھی شروع ہے، ہیوی مشینری اس کے اوپر کام کر رہی ہے اور ان شاءاللہ یہ جو مغربی روٹ ہے، وزیر اعظم صاحب اس ملک کے وزیر اعظم ہیں، میں سنتا رہا ہوں سب دوستوں کی بات اور چونکہ پورے پاکستان کی وہ نمائندگی کر رہے ہیں اور یہ قطعاً کوئی بھی سیاسی لیڈر چاہے اس کی ایک صوبے میں حکومت ہو چاہے اس کی دو صوبوں میں حکومت ہو، کوئی بھی سیاسی رہنما کبھی کسی صوبے کی حق تلفی کرنے کی سوچ بھی نہیں سکتا اور میاں نواز

شریف صاحب ان چاروں صوبوں کی قیادت کر رہے ہیں، چاروں صوبوں کے اندر اگر حکومت نہیں ہے تو دو صوبوں کے اندر حکومت ہو گی یا ایک صوبے کے اندر حکومت ہو گی لیکن وزیر اعظم وہ چاروں صوبوں کا ہے تو ان شاءاللہ میں یقین سے یہ کہتا ہوں کہ خیبر پختونخوا کے حقوق کسی صورت میں سلب نہیں ہوں گے اور سب سے زیادہ اگر میاں نواز شریف صاحب پیار کرتے ہیں، محبت کرتے ہیں تو صوبہ خیبر پختونخوا کے ساتھ کرتے ہیں جو پچھلے گزشتہ دو تین مہینوں میں مختلف جگہوں پہ انہوں نے دورے کئے چترال سمیت تو وہاں پہ انہوں نے اربوں روپے کے منصوبوں کے اعلانات کئے اور کچھ کے اوپر کام بھی شروع کروائے اور 46 ہسپتالوں کا پاکستان کے اندر، 46 ہسپتالیں انہوں نے اناؤنس کئے، جن میں اکثریت خیبر پختونخوا کے صوبے کو ملی ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ بالکل یہ کہنا قطعاً جائز نہیں ہے کہ وہ ایک صوبے کے وزیر اعظم ہیں، وہ ان شاءاللہ چاروں صوبوں کے وزیر اعظم ہیں اور ان کے متعلق ہم یہ کہتے ہیں کہ چاروں صوبوں کی آواز میاں نواز، میاں نواز۔ (ہنسی)

جناب سپیکر: (ہنسی) شکریہ۔

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ایک منٹ، محمد علی شاہ باچا۔ جی جی، Just میں ایک دو باتیں کر لوں تو آپ کو پھر چانس دیتا ہوں۔ جی جی، مشتاق غنی صاحب وضاحت کرنا چاہتے ہیں۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم و اطلاعات: نہیں نہیں، نہیں نہیں، آپ پارلیمنٹری لیڈر ہیں، صرف میں یہ درخواست کر رہا ہوں نلوٹھا صاحب سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم و اطلاعات: بڑے مؤدبانہ انداز میں وہ ہمارے بھائی ہیں، احسن اقبال صاحب نے یہ بابک صاحب یا وہ لوگ سارے گواہی دیں گے، یہاں پہ جو بیٹھے ہوئے ہیں، یہ بھی تھے، یہاں پہ جو بات ہوئی گورنر ہاؤس میں تو انہوں نے یہ کہا تھا کہ یہ 2025 تک کا منصوبہ ہے اور یہ چلتا رہے گا اور ابھی ایسٹرن روٹ اگر یہ بن جاتا ہے تو صبح دوسرا بھی بن جائے گا اور ویسٹرن بھی بن جائے گا، کسی زمانے میں ہم نے یہ کہا تھا کہ چونکہ پہلے پلان میں ویسٹرن روٹ ہے تو پہلے اس پہ کام کریں اور 2025 میں ایسٹرن بے شک بنا لیں تو

یہ میں وضاحت کرنا چاہتا تھا نلوٹھا صاحب سے کہ آپ کے بڑے لمبے ہاتھ ہیں، آپ کوشش کریں، تھرو چیئر میں بات کر رہا ہوں جناب! کہ ان کے بڑے اچھے مراسم ہیں اپنی پارٹی کی مرکزی قیادت سے تو یہ ہمارے صوبے کی نمائندگی کرتے ہوئے پہلے ویسٹرن روٹ ان سے کروادیں، اس کے بعد ایسٹرن روٹ بنے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مشتاق صاحب!

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (آبپاشی)}: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔ یہ سکندر خان بات کریں گے، جی سکندر خان۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں ایک وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس وقت مرکز میں پاکستان مسلم لیگ کے پاس نمائندگی ہے اور صوبے میں تحریک انصاف کے پاس نمائندگی ہے، یہ کبھی قطعاً نہ ہم کریں گے اور نہ تحریک انصاف کو کرنا چاہیئے، ہم سب نے مل کے صوبے کے اور اس ملک کے مسائل کو حل کرنا ہے، اللہ تعالیٰ ہماری مدد فرمائے اور جو بات انہوں نے کی ہے، یہ میرے پاس موجود ہے، اب میں ساری چیزیں چونکہ تیار کرکے آیا تھا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: مغربی روٹ کے اوپر سپیکر صاحب! میں نے کہہ دیا ہے کہ 18 تاریخ کو ان شاء اللہ تمام سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز بھی ہوں گے، آپ بھی ہوں گے، وزیر اعلیٰ صاحب بھی ہوں گے اور ہمارا میڈیا بھی ہوگا، الیکٹرانک میڈیا اور پرنٹ میڈیا، اس کو ساتھ لیکر احسن اقبال صاحب مغربی روٹ کے اوپر جو کام ہو رہا ہے، اس کا وزٹ ہم ان شاء اللہ کریں گے اور آپ مطمئن ہوں گے، جو بات میں کہہ رہا ہوں میں ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں سر۔

جناب سپیکر: ٹائم شارٹ ہے، سکندر خان! پلیز۔

سینیئر وزیر (آبپاشی): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر! کہ آپ نے مجھے موقع دیا اس اہم ایشو پہ بولنے کا۔ جناب سپیکر! یہ ایشو میرے خیال میں پچھلے ڈیڑھ سال میں سات آٹھ دفعہ اس ہاؤس میں اٹھ چکا ہے اور اس کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ چونکہ اس سے پہلے مرکز نے اس لحاظ سے اس ملک کو As a Federation چلانے کی کوشش نہیں کی اور اس وجہ سے بار بار صوبے کی طرف سے خدشات سامنے آرہے ہیں اور وہ چونکہ ماضی میں بھی ہمارے ساتھ زیادتیاں ہوتی رہی ہیں تو اس وجہ سے ہم بار بار یہ بات اٹھا رہے ہیں اور چونکہ جس طریقے سے مجھ سے پہلے سب دوستوں نے اس پہ بات کی کہ چونکہ یہ ایک گیم چینجر ہے اور چونکہ ہمارا صوبہ دہشتگردی کی وجہ سے بھی متاثر ہوا ہے، سیلابوں کی وجہ سے بھی متاثر ہوا ہے اور زلزلے کی وجہ سے بھی متاثر ہوا ہے تو اس حوالے سے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ایک آخری موقع ہے ہمارے پاس کہ ہم اپنے صوبے کو صحیح ڈیویلپ کر سکیں اور اس میں یہ ہمارے لئے خوش آئند بات ہے جس طریقے سے نلوٹھا صاحب نے بھی بات کی کہ وہ بھی چاہتے ہیں کہ صوبہ ڈیویلپ ہو، بات ہم سب کی ایک ہی ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا صوبہ کسی صورت اس منصوبے میں Ignore نہ ہو، ہمارے صوبے کے ساتھ زیادتی نہ ہو، اس میں اگر ہم بات کریں ویسٹرن روٹ کی تو میں تو یہ کہوں گا کہ چونکہ یہ اکنامک کاریڈور کی جب ہم بات کرتے ہیں، اگر ہم اس کو صحیح طریقے سے Utilize کرنا چاہتے ہیں خالی پھر صرف یہ جو ویسٹرن روٹ کی بات ہو رہی ہے، وہ نہیں، اس کے ساتھ ساتھ اور روٹس بھی ہمارے صوبے کے اندر ڈیویلپ ہونے چاہئیں جس سے Alternate routes جس کو ہم کہہ سکیں جس میں ملاکنڈ ڈویژن پورا Cover ہو، جس میں پشاور ویلی ہماری Cover ہو۔۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

سینیئر وزیر (آبپاشی): Alternate routes یہ ڈیویلپ ہوں تو تب جاکے ہم کہہ سکیں گے کہ یہ صحیح اس کا Potential ہو گا اور جب اس کو آپ Multiple Cluster Corridor کہتے ہیں تو اس کی Linkages with Central Asia اور باقی جگہوں کیلئے تبھی ہو سکے گی جب یہ باقی روٹس بھی اس میں ڈیویلپ ہوں لیکن جناب سپیکر! اصل بات یہ ہے کہ چونکہ جب سے یہ ملک بنا ہے، اس دن سے اگر ہم

کہیں تو بطور فیڈریشن صحیح معنوں میں چلایا نہیں گیا اور یہی وجہ ہے کہ بار بار مختلف مثالیں موجود ہیں۔ اس سے پہلے مشتاق غنی صاحب نے بھی اس طرف اشارہ کیا کہ PSDP میں ایک Reflection ہوتی ہے، ملتا صوبے کو اتنا نہیں ہے، بجلی کے حوالے سے اگر ہم دیکھیں نیٹ ہائیڈل پرافٹ میں کئی سالوں سے ایک بات آئین میں موجود ہے لیکن وہ حق ہمیں اس لحاظ سے پورا ملتا نہیں ہے، این ایف سی ایوارڈز میں اس لحاظ سے چھوٹے صوبے کا پورا خیال نہیں رکھا جاتا تو اس حوالے سے ہم یہ کہتے ہیں کہ بار بار چونکہ ہمارے چھوٹے صوبوں کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور پھر خاصکر ہمارے صوبے کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور ہوتی رہی ہے تو اس حوالے سے ہم چاہتے ہیں کہ اب جو بات ہو گی، وہ عمل کے اوپر ہم دیکھیں گے، اس کو ہم خالی تسلیوں پہ، خالی Statements پہ، خالی لکھی ہوئی چیز کے اوپر اس کا ہمارا وہ نہیں ہو گا جب تک اس کے اوپر عمل سے کام نہیں ہو گا، جب تک ہم عملی طور پر دیکھیں گے نہیں کہ ہمارے جو خدشات ہیں، ان کو دور کرنے کیلئے کوشش کی جارہی ہے، ہمارے علاقے میں جو پراجیکٹس ہیں، ان کیلئے صحیح طریقے سے Allocation نہیں کی جاتی، اس وقت تک ہمیں تسلی نہیں ہو گی اور یہ پریشر ہمیں رکھنا پڑے گا کیونکہ ہم اس وقت اگر چپ ہو گئے تو کل کو ہمیں لوگ معاف نہیں کریں گے، یہ قوم ہمیں معاف نہیں کرے گی۔ جناب سپیکر! اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی Add کرتا ہوں کہ اس میں خالی اگر ہم سی پیک کی بات کرتے ہیں اور خالی جو 35 یا 45 بلین کی بات کرتے ہیں، اس کے اوپر صرف نہیں، ہم نے یہ بھی دیکھنا ہے کہ اگر ہم واقعی چاہتے ہیں کہ یہ علاقہ ڈیویلپ ہو اور اس میں اس کے ساتھ Allied جو انڈسٹریل زونز کی بات ہے یا باقی ڈیویلپمنٹ کی بات ہے Economical development کی، وہ تبھی ہو گی جب ہمارا Infrastructure for electricity جو ہے، وہ صحیح طریقے سے ڈیویلپ ہو گا تو تبھی یہاں پہ لوگ آکے Invest کریں گے۔ اگر آپ یہ روٹ بنا بھی دیتے ہیں اور پھر کل کو ہمیں یہ بہانہ بنایا جاتا ہے کہ جی چونکہ آپ کی Electricity کا نظام جو ہے، وہ لوڈ نہیں اٹھا سکتا ہے تو اس وجہ سے یہاں پہ وہ انڈسٹریل زونز یا وہ انویسٹمنٹ نہیں آسکتی تو اس چیز کی طرف توجہ دینا پڑے گی اور جو ٹرانسمشن لائنز کے حوالے سے بار بار ہم نے بات اٹھائی ہے اور ہم نے ان کو کہا بھی ہے کہ اس طرف یہ توجہ دیں تو وہ چیز بھی اس میں Include کرنی چاہیئے کیونکہ اگر کل کو ہمیں یہی کہا جائے کہ جی چونکہ روڈ تو بن گیا لیکن پھر آپ کے جو

وہاں پہ نظام اتنا وہ نہیں ہے، بہتر نہیں ہے اور یہی ہمیں خدشہ ہے کہ ہمارے ساتھ یہ گیم کھیلی جائے گی کہ اس وقت پھر یہ کہا جائے گا کہ چونکہ جو ایسٹرن روٹ ہے، اس میں نظام بہتر ہے، وہاں پہ Facilities ہیں تو وہ ان کو ترجیح ملے گی۔ اگر آپ دیکھیں تو Investor جو ہے، وہ تو اپنے نفع کو دیکھے گا۔ اس میں جو چائنیز گورنمنٹ کی طرف سے ہے، جو پاکستان گورنمنٹ کی طرف سے ہے، وہ تو علیحدہ، اس میں اصل بات وہ ہے کہ جو Investor ہم لاسکیں ادھر تاکہ یہ صحیح طریقے سے ڈیویلپ ہو۔ وہ Investor تو آکے اپنے فائدے کو دیکھے گا، وہ ادھر لگانے کی کوشش کرے گا انڈسٹری، جدھر سے ان کو فائدہ ہو اور اس کیلئے جو Facilities کی ضرورت ہے، وہ ہمیں اب تک نظر نہیں آرہی کہ فیڈرل گورنمنٹ اس میں سیریس ہے ہمارے اس صوبے کے ساتھ، یہی وہ وجہ ہے کہ بار بار یہ بات اس اسمبلی میں اٹھائی جارہی ہے اور اس میں یہ کہا جارہا ہے کہ جی ہمارے ساتھ اس میں زیادتی کی جارہی ہے۔ پھر ساتھ ساتھ اگر ہم یہ کہیں کہ جو Overall ویسے بھی آپ PSDP کو دیکھیں تو اس میں جو تقسیم جس طریقے کی جاتی ہے، اس میں ہمارے صوبے کو یا باقی صوبوں کو بہت چھوٹا وہ دیا جاتا ہے، اصل سکیمیں ابھی بھی اگر آپ دیکھیں تو وہ پنجاب میں ڈیویلپ ہورہی ہیں، اگر لاہور میں اورنج ٹرین یا باقی جو ہے وہ سی پیک کا حصہ بن سکتے ہیں تو پھر ہمارے صوبے کے باقی پراجیکٹس جو ہیں جس سے ان کا انفراسٹرکچر ڈیویلپ ہوگا جس سے یہاں پہ انویسٹمنٹ آسکے گی، وہ پھر کیوں اس کا حصہ نہیں بن سکتے؟ یہ ایک سوالیہ کوسچن ہے اس حوالے سے اور میں چاہتا ہوں، میرا خیال ہے، میرا خیال ہے کہ اس میں ہم سب ساری پارٹیوں کا ایک ہی مؤقف ہوگا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اس صوبے کی ترقی کیلئے ہم ایک آواز ہوکے اس پہ اکٹھے ہوں، اس میں ہماری پی ایم ایل این سے بھی ایک درخواست ہوگی کہ یہ صوبہ ہم سب کا مشترکہ صوبہ ہے، اس میں ہمیں یک زبان ہوکے، یکجان ہوکے آواز اٹھانا پڑے گی اور اس طریقے سے بات کرنا پڑے گی تبھی جاکے ہماری بات سنی جائے گی، اگر اس میں ہم اس لحاظ سے Divide ہوگئے تو اس کا اثر کچھ نہیں ہوگا۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: سکندر خان! میری Suggestion یہی ہے، یہ Friday کو ہم اجلاس کررہے ہیں۔۔۔۔

<u>سینیئر وزیر (آبپاشی)</u>: سر!

جناب سپیکر: تو اگر ممکن ہو تو ہم دو بجے پارلیمانی پارٹیز کی میٹنگ کر لیں گے اور اس میں جو جو ایشوز ہم ڈسکس کر لیں گے اور اس کے مطابق پھر ایک ریزولیوشن بھی ہم موؤ کر لیں گے۔

سینیئر وزیر (آبپاشی): سر! اس کے اوپر تھوڑا بہت ہم نے کام بھی کیا ہے، عنایت خان نے کام کیا ہے، اس پہ لگے ہوئے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

سینیئر وزیر (آبپاشی): تو Friday تک وہ تیار کر کے ایک یکجا آواز دینی ہے سر اور پھر اس میں یہ کہنا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ہے کہ ہم پوری Strategy وہ کر لیں گے۔

سینیئر وزیر (آبپاشی): سر!

جناب سپیکر: اور مطلب کسی بھی صورت ہم اپنے اس کو نہیں چھوڑیں گے، میرے خیال میں Friday کو۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (آبپاشی): میں اس چیز کو سر! سپورٹ کرتا ہوں کہ اگر اس کیلئے ہمیں ایوان سے باہر جا کے احتجاج بھی کرنا پڑے، بالکل یہ کرنا چاہیئے، اس پہ ہمیں کوئی وہ نہیں ہے کیونکہ یہ ہمارے صوبے کے مفاد کی بات ہے، ہمارے صوبے کے لوگوں کی بات ہے، اس کیلئے ہمیں ہر قربانی کیلئے تیار رہنا چاہیئے۔

جناب سپیکر: Friday کو ان شاءاللہ دو بجے پھر ہم پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ کریں گے۔ شاہ فرمان خان۔ میں اس کے بعد آپ کو پھر (مداخلت) چلائیں گے، چلو جی۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): شکریہ جناب سپیکر! آج اہم ٹاپک کے اوپر ڈسکشن ہے اور سب نے اپنا مؤقف سامنے رکھا ہے۔ ویسٹرن روٹ ہم کیوں چاہتے ہیں کہ بنے؟ سب سے پہلے میں اس کی Justification کے اوپر بات کرتا ہوں کہ ایک تو ہم ویسے ہی یہ خطہ غربت کا شکار ہے اور War on Terror میں فرنٹ لائن پراونس کی حیثیت سے جناب سپیکر! ہماری جو حالت ہو گئی تو جس طرح چائنا کا پروگرام ہے یا وژن ہے کہ وہ اپنے Under developed area کو ڈیویلپ کرنا چاہتا ہے، اسی طرح Naturally خیبر پختونخوا کا جو حصہ ہے، یہ ساؤتھ ویسٹ ایشیاء کا غریب ترین ایریا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ

پورے پاکستان کو فائدہ ہو لیکن ہم زیادہ Deserve کرتے ہیں۔ دوسرا پارٹ یہ ہے جناب سپیکر! کہ یہ ہمارا جو صوبہ ہے، یہ خیبر پختونخوا، یہ ایک نیچرل انڈسٹریل زون ہے، ہمارے پاس جناب سپیکر! Metallic minerals ہیں، ہمارے پاس Metallic minerals ہیں جو کہ پنجاب کے پاس نہیں ہیں۔ ہمارے پاس جناب سپیکر! انڈسٹریل منرلز ہیں جو کہ پنجاب کے پاس نہیں ہیں، ہمارے پاس کلین اینڈ گرین پاور بنانے کی صلاحیت ہے، ہائیڈرل پاور جو کہ Environmental friendly ہے، سستی بجلی ہے تو جہاں پر پاور بھی ہو، سستی ترین پاور بھی ہو، آپ کے پاس Lead، Antimony، Chromites، Barites، Serpentine، Marble، Granite ہوں، آپ کے پاس Raw material بھی ہو تو میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر! کہ اگر تمام Facilities کے ساتھ یہ ویسٹرن روٹ ادھر سے گزاریں اور یہاں پر جو نیچرل Raw material پڑا ہوا ہے اور یہاں پر جو پاور موجود ہے، اس کو اگر ہم Value addition کے ساتھ ایک انڈسٹریل زون میں Convert کریں تو جس طرح گوادر کا فائدہ پورے پاکستان کو ہے، جس طرح کراچی پورٹ کا فائدہ پورے پاکستان کو ہے، اسی طرح خیبر پختونخوا کے Potential کا فائدہ پورے پاکستان کو ہو گا، یہ صرف خیبر پختونخوا کیلئے نہیں ہو گا۔ جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ World Environmental Day کے اوپر فیصلہ ہوا کہ 2060 تک Coal Projects سارے بند کئے جائیں، ماحول پر برا اثر ہو رہا ہے اور ہم ابھی شروع کر رہے ہیں Coal Projects، جناب سپیکر! اگر ہم بیس پچیس روپے Per unit بجلی بنا رہے ہیں تو اگر ہمارے پاس چار پانچ روپے Per unit اور اس کو ہم کلین اینڈ گرین پاور کہتے ہیں کہ جو Environmental friendly ہے، پاکستان ان دس ممالک میں سے ہے جناب سپیکر! جو انوائرنمنٹ سے متاثرہ ممالک میں آتا ہے جناب سپیکر! تو ہم نے اپنے ماحول کا بھی خیال رکھنا ہے۔ اگر یہ ساری چیزیں Favour کرتی ہیں کہ ویسٹرن روٹ گزرے اور یہاں کے Potential کا، مجھے بتائیں کہ جو Metallic minerals اور جو Industrial minerals خیبر پختونخوا کے ہیں، وہ پنجاب کے اندر کہاں ہیں اور آپ کہاں سے Raw material لے کر آئیں گے؟ جو Power potential آپ کے پاس یہاں موجود ہے، وہ پنجاب کے اندر کہاں ہے اور کیا آپ Raw material ادھر سے لے جائیں گے اور ادھر انڈسٹریل زونز بنائیں گے؟ تو جناب سپیکر! یہ صرف خیبر

پختونخوا کیلئے نہیں ہے، یہ پورے پاکستان کے مفاد میں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر کراچی پورٹ کا اتنا فائدہ پورے پاکستان کو پہنچتا ہے تو اس ویسٹرن روٹ کا پورے پاکستان کو اس سے زیادہ فائدہ ہو گا۔ اب جناب سپیکر! اس ایشو کے اوپر بڑی اچھی بات کی، بابک صاحب نے بھی بڑی اچھی بات کی اور زرین گل صاحب نے بھی بڑی اچھی بات کی اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ پارٹی مؤقف ہونا چاہیئے۔ میرے سامنے دو پریس کانفرنسز میں عمران خان نے سی پیک کی بات کی ہے اور وہ یہی کہتے ہیں کہ اگر آپ لوگ جب بھی چاہو میں آنے کو تیار ہوں، دو دفعہ انہوں نے بات کی، مزید بھی وہ اس ایشو کے اوپر بات کریں گے۔ میں زرین گل صاحب سے ریکویسٹ کروں گا، اس دن جلسے کی Clips میں نے دیکھی ہیں، اسفندیار خان نے بات کی ہے، میں زرین گل صاحب سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ اگر ان کا پارٹی لیڈر بھی یہ بات اٹھائے اسمبلی کے اندر تو یہ اس صوبے کیلئے کافی فائدہ مند ہو گا کہ ویسٹرن روٹ بننا چاہیئے کیونکہ اگر انہوں نے بات کی ہے اور پارٹی مؤقف سامنے رکھا ہے تو یہ اگر National scene کے اوپر آ جائے تو نیشنل اسمبلی میں یہ بات ہو جائے تو یہ ہمارے لئے فائدہ مند بات ہو گی، میں سمجھتا ہوں کہ صرف یہ نہیں ہے، جو پارٹیز ہیں ادھر ان سب پارٹیز کے نیشنل لیڈرز کو اسمبلی میں یہ بات کرنی چاہیئے۔ میں جناب سپیکر! Negative side پر نہیں جانا چاہتا لیکن یہ سارے Apprehensions، سکندر خان نے بات کی ہے، PSDP کی بات کی ہے، فنڈز رکھے جاتے ہیں، Lapse ہو جاتے ہیں، Divert ہو جاتے ہیں، بجٹ میں PSDP میں خیبر پختونخوا کیلئے پراجیکٹ رکھا جاتا ہے، کام نہیں ہوتا، واپس پیسے چلے جاتے ہیں، Divert ہو جاتے ہیں، کہیں اور لگ جاتے ہیں، ہائیڈرل پاور Potential ہے، انویسٹمنٹ نہیں ہو رہی اور میں یہ بھی یاد دلاؤں جناب سپیکر! بڑی معذرت کے ساتھ، یہ Apprehension اسلئے ہے کہ جب بھی خیبر پختونخوا کے اندر آٹا Crisis آیا، میاں نواز شریف صاحب کی حکومت تھی، تو ہمیں تکلیف ہے اور ہمیں ضرور شک ہے اس کے اوپر، نلوٹھا صاحب نے بات کی ہے کہ پیار کرتے ہیں، بے شک ہم چاہتے ہیں کہ وہ ہم سے پیار کریں اور ہمیں ثابت بھی کریں، لہذا اہم چیزیں سامنے رکھنا چاہتے ہیں۔ جناب سپیکر! پنجاب سے ہمارا شکوہ نہیں ہے، میں یہ بالکل Acknowledge کرنے کو تیار ہوں کہ 18$^{th}$ Amendment کے اندر صوبوں کو اختیارات دیئے گئے، جب مرکز میں کسی اور پارٹی کی حکومت آئی ہے، کبھی Provincialism اور

Bureaucratism اتنی سامنے نہیں آئی ہے، لہذا اگر پاکستان کے دشمن یہ کہہ دیں کہ پاکستان کو ہم نے دو ٹکڑے کر دیا ہے اور مزید چار ٹکڑے کریں گے تو اس سازش کے تحت ہمیں اس کو کاؤنٹر کرنے کیلئے Unity دکھانا ہو گی۔ آج ہم پاکستان کیلئے کھڑے ہیں، ہمیں پنجاب سے گلہ نہیں ہے، ہمیں موجودہ فیڈرل گورنمنٹ سے گلہ ہے کہ وہ ہمارے ساتھ زیادتی کر رہا ہے۔ اگر ہم ان لائنز پر چلیں کہ یہ پنجاب کی پالیسی ہے تو میں اسلئے Accept کرنے کو تیار نہیں ہوں کہ یہ اس دشمن کی بات ہے جو پاکستان کو چار ٹکڑے کرنے پر تلا ہوا ہے لیکن ان شاءاللہ اسلام کے نام پر بنا ہوا یہ ملک، یہ قائم و دائم رہے گا، جو باہر سے سازش کرے اور جو ملک کے اندر سے پالیسی کو، فیڈریشن کو Threaten کرے، اس سے فیڈریشن کمزور ہو گی، اس سے فیدریشن کو خطرہ ہے اور اگر کوئی یہ کہے کہ ہمیشہ کیلئے شکوے تو چھوٹے صوبے کرتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ جہاں پر اگر بڑے صوبے کے اندر اور فیڈرل میں حکومت ایک پارٹی کی ہے تو ان کو یہ احساس ہونا چاہیئے کہ چھوٹے صوبوں کے لوگ کیا سوچتے ہیں، ہمیں اس کا احساس ہے۔ جناب سپیکر! یو این ڈی پی اور پلاننگ ڈویژن کی یہ بک میرے سامنے پڑی ہوئی ہے، ہمیں خوشی ہے، ہمیں خوشی ہے جناب سپیکر! کہ اس کے 2011 اور اس کے 2012 اور ابھی جو آیا ہوا ہے 15-2014 اس کے اندر جو Red area بتایا جاتا ہے، یہ Red area وہ ہے جو کہ Poverty line شو کرتا ہے، ہمیں خوشی ہے کہ اس Poverty line سے پنجاب نکل گیا لیکن ہمارے بھی کوئی احساسات ہیں، ہمارے بھی کوئی حقوق ہیں، اگر کسی نے اپنے آپ کو نیشنل لیڈر ثابت کرنا ہے جناب سپیکر! تو ان ساری چیزوں کو خاطر میں رکھنا ہے، ہم نہیں چاہتے کہ فیڈریشن کو خطرہ ہو، ہم اس حد تک جا ہی نہیں سکتے، جائیں گے نہیں کہ جہاں پر پاکستان کے دشمن تیار بیٹھے ہوں کہ کب اس صوبے کے اندر Cracks آئیں گے، کب اس ملک کے اندر صوبوں کے الائنس کے اندر Cracks آئیں گے؟ جناب سپیکر! میں فیڈرل گورنمنٹ سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں خیبر پختونخوا اور Allies حکومت کی طرف سے کہ میرٹ کے اوپر فیصلہ کرے، ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ جس پراجیکٹ کا فائدہ بلوچستان میں زیادہ ہے پاکستان کیلئے، وہ یہاں لگایا جائے، ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ جس پراجیکٹ کا فائدہ پاکستان کو اگر وہ سندھ میں لگائیں زیادہ ہے تو وہ ادھر لگائیں لیکن اگر ویسٹرن روٹ کے اوپر Raw material بھی موجود ہے، سستی پاور بھی موجود ہے۔ آخری بات میں بتانا چاہتا ہوں کہ جب آپ کی

انڈسٹریل زونز بنیں گی جناب سپیکر! سی پیک ہو گا تو چائنا کے علاوہ آپ کا مارکیٹ سنٹرل ایشیاء ہے، آپ کا مارکیٹ ایسٹ یورپ اور یوایس ایس آر ہے، آپ کا مارکیٹ لندن نہیں ہے اور ویسٹرن یورپ نہیں ہے، اگر آپ کا راستہ بھی سنٹرل ایشیاء کو ادھر سے جاتا ہے، اگر آپ کا راستہ بھی چائنا کو ادھر سے جاتا ہے، اگر آپ کا راستہ بھی سوویت یونین کو ادھر سے جاتا ہے، Raw material بھی آپ کے راستے پر موجود ہے، سستی پاور بھی آپ کے راستے پر موجود ہے، آپ انڈسٹریل زونز لگائیں گے پنجاب میں تو آپ کرومائیٹ ادھر سے لے جائیں گے اور ادھر سٹیل بنائیں گے، کیوں نہ آپ ادھر لگائیں تاکہ مائنز سامنے پڑا ہو، انڈسٹری لگی ہوئی ہو اور یہاں کے لوگوں کو بھی فائدہ ہو اور پاکستان کو بھی فائدہ ہو۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ جناب۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں، پہلے یہ، یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں۔ یہ چھٹی کی درخواست ہے اعظم خان درانی 4 اکتوبر؛ سردار محمد ادریس؛ شکیل احمد ایڈوائزر؛ شکیل! آپ کی چھٹی آئی ہے؟

جناب شکیل احمد (مشیر برائے بہبود آبادی): جناب سپیکر! یہ 4 اکتوبر والی ہے۔

جناب سپیکر: اچھا یہ 4 تاریخ والی ہے۔ اکرام اللہ گنڈاپور 4 و 5؛ سردار فرید 4 اکتوبر؛ جمشید خان مہمند، وہ تو آیا ہوا تھا، اچھا یہ 4 تاریخ کیلئے ہے؛ الحاج صالح محمد خان 4 و 5؛ ملک ریاض خان 4 اکتوبر؛ افتخار مشوانی؛ سید جعفر شاہ 4 و 5 اکتوبر؛ میڈم خاتون بی بی 4 و 5 اکتوبر؛ حاجی قلندر خان لودھی؛ عبدالکریم خان؛ ڈاکٹر حیدر علی 4 تا 7؛ فخر اعظم وزیر؛ شاہ حسین؛ محمود بیٹنی: منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، محمد علی شاہ باچا۔ جی جی رولز۔۔۔۔

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر صاحب! میں آپ سے اور تمام ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ Rule 124 کو Rule 240 sub-rule 2 کے تحت سسپنڈ کیا جائے اور مجھے قرارداد پیش کرنے کی اجازت دے دی جائے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Members to move their resolution? Those whio are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Rule is relaxed. Ji Muhammad Ali Shah!.

## قرارداد

سید محمد علی شاہ: مہربانی، جناب سپیکر صاحب۔ دنیا بھر میں کرپشن کا سب سے بڑا سکینڈل منظر عام پر آیا ہے جس میں ہمارے ملک کے وزیر اعظم کے خاندان کے افراد کے نام شامل ہیں جس کی وجہ سے ملک کی بدنامی ہو رہی ہے۔ اس کی تمام سیاسی قوتیں بھی تحقیقات کا مطالبہ کر رہی ہیں، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ پانامہ لیکس کی فوری اور غیر جانبدارانہ تحقیقات عدلیہ کے ذریعے کرائی جائیں اور ٹی او آرز اپوزیشن جماعتوں کی مشاورت سے مرتب کئے جائیں۔

جناب سپیکر صاحب! دا جوائنټ ریزولیوشن دے، شوکت علی یوسفزئی سائن کړے دے، سلیم خان دے، عنایت اللّٰہ خان دے، دا ټول مشترکہ قرارداد دے۔

جناب سپیکر: جی، سکندر خان؟

سید محمد علی شاہ: سکندر خان ھم دے پکښې۔

جناب سپیکر: اوکے۔ اب میں ہاؤس کے سامنے ڈالتا ہوں کہ Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Members, may be passed-----

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! میں نے تو قرارداد پڑھی نہیں ہے لیکن میں نے ابھی سنی ہے۔ میرے خیال میں کسی ایک خاندان یا کسی ایک فرد کو اور ساتھ ساتھ صرف پانامہ کا نام وہ کرنا، ہمارا تو سٹینڈ رہا ہے کہ جتنی بھی آف شور کمپنیاں ہیں، جتنی بھی آف شور کمپنیاں ہیں اور جن جن لوگوں کے نام آئے ہیں تو میرے خیال میں شاہ صاحب جو ہیں اگر اس چیز کو تھوڑا Revise کر لیں تو متفقہ طور پر کر لیں گے۔

سید محمد علی شاہ: دا سې هیڅ خبره نه ده جی، زه د هغه خاندان خبره کوم، پانامه لیکس کښې چې څوک راغلی دی۔

جناب سردار حسین: صحیح ده، د پانامه لیکس خبره ده، مونږ وایو، زمونږ خو دا دغه دے چې آف شور کمپنیاں چې څومره دی او بل دا چې په پاکستان کښې د څومره خلقو نومونه راغلی دی، دا که بیوروکریټس دی، دا که Elected خلق دے، دا که څوک هم دی، ټول چې دی-----

جناب سپیکر: اچھا میں منظوری کیلئے پیش کرتا ہوں-----

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: یا تو سب کے نام لکھیں جو پانامہ لیکس میں آئے ہیں یا سب کے نام لکھیں، وزیراعظم کا اور اس کے بیٹوں کا نام لکھے ہیں باقی کسی کا نام نہیں لکھا ہے۔

سید محمد علی شاہ: دیکښې بابک صاحب! د پانامه لیکس خبره ده، دیکښې خو ټول راځی۔

جناب سپیکر: جی جی۔

سید محمد علی شاہ: اس میں سب آجاتے ہیں جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: میں اس کو سارے ہاؤس کے سامنے ڈالتا ہوں۔ Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Members, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Members: Yes.

Mr. Speaker: And those who are against it may say 'No'.

Members: No.
Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is passed by majority.

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب سردار حسین: ما نه 'Yes' وئیلی دی، ما نه 'Yes' وئیلی دی او نه مې 'No' وئیلی دی، په دې قرارداد باندې اے این پی Abstained ده، نه 'Yes' او نه 'No'۔

Mr. Speaker: Okay. The sitting is adjourned till 03:00 pm afternoon of Friday.

اور تمام پارلیمانی پارٹیز کے لیڈرز سے یہ ریکویسٹ ہو گی کہ دو بجے جمعہ کو میٹنگ کریں گے یہ سی پیک کے ایشو پر۔

---

(اجلاس بروز جمعة المبارک مورخہ 07 اکتوبر 2016ء بعداز دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)